14-01-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ ملک کی تعمیر میں کسانوں کا کردار قابل ستائش ہے۔ کسانوں کی کوشش آتمانر بھر بھارت تحریک کو مضبوط بنائے گی۔

۲۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ ریاست میں گرام پنچایتوں کے استحکام کیلئے مرکزی حکومت ضرورت کے مطابق فنڈ کو مختص کی ہے۔

۳۔ ریاستی وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے الزام لگایا کہ بی آر ایس پالمور رنگا ریڈی پروجیکٹ پر جھوٹی تشہیر کر رہی ہے۔

اور

۴۔ ریاستی وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے کہا کہ آنے والے اوگادی تہوار تک حیدر آباد کے صنعت نگر میں ایک ہزار بستروں والا ٹمیس ہاسپٹل کا افتتاح کیا جائے گا۔

PM Sankranti

وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کے عوام کو مکر سنکرانتی کی مبارکباد دی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سنکرانتی تہوار پورے ملک بھر میں خوشی، اتحاد اور روایتی تہذیب وثقافت کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ انہوں نے تلگو میں جاری کئے گئے ایک پیغام میں کہا کہ سنکرانتی کے موقع پر کسانوں کی محنت کو اعزاز بخشنے کی ضرورت ہے۔ وزیر اعظم نے فصلوں کی پیداوار کے ساتھ کسانوں کی زندگیوں میں خوشیاں لانے کیلئے اپنے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سنکرانتی تہوار ہماری تہذیب، خاندانی اقدار کو مزید مضبوط بنائے گا۔ نئے امیدوں کے ساتھ آگے بڑھنے کی شکتی بھی فراہم کرے گا۔ وزیر اعظم نے ملک کے تمام عوام کی اچھی صحت اور سکون کیلئے اپنے جذبات کا بھی اظہار کیا۔

Bhogi

ریاست بھر میں روایتی جوش وخروش کے ساتھ آج بھوگی تہوار منایا جار ہا ہے۔تین روزہ سنکرانتی تقریبات کے ضمن میں پہلے دن بھوگی منانا ایک روایت ہے۔آج بھوگی کے موقع پر صبح کے اوقات سے ہی ریاست کے دیہاتوں میں بھوگی کا آلاؤ روشن کیا گیا۔خاص طور پر شہر میں رہنے والے عوام تعطیلات پر اپنے آبائی مقام کو جانے کی وجہ سے دیہاتوں میں سنکرانتی کا جوش وخروش دیکھا جار ہا ہے۔

Appointment

حال ہی میں گروپ 3 پوسٹوں کیلئے منتخب ہونے والے امیدواروں کو وزیراعلیٰ ریونت ریڈی تقررنامے عطاء کریں گے۔ جمعہ کو حیدرآباد کے مادھاپور شلپا کلا ویدیکا ایک تقریب منعقد ہوگی۔ اِس موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی امیدواروں کو تقررنامے تقسیم کریں گے۔

Wishes

بھوگی اور سنکرانتی کے موقع پر کئی اہم شخصیات نے ریاست کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔انہوں نے سنکرانتی تہوار کے ذریعہ لوگوں کی زندگیوں میں روشنی اور خوشی آنے کیلئے اپنے نیک تمناؤں کا بھی اظہار کیا۔ریاستی گورنر جشنو دیو، مرکزی وزیر کانکی کشن ریڈی، مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار، وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سمیت ریاستی وزراٗ اور دیگر قائدین نے عوام کو مبارکباد دی۔سوشل میڈیا پلیٹ فارم میں ایک پوسٹ کے ذریعہ انہوں نے عوام کو مبارکباد دی۔انہوں نے نئی روشنی لانے والے سنکرانتی کنوما تہوار ریاست کے لوگوں میں خوشی لانے کیلئے اپنے جذبات کا اظہار کیا اور اس کے علاوہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ، بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے بھی عوام کو بھوگی اور سنکرانتی کی مبارکباد دی۔

Damodar Raja Narasimha

ریاستی وزیر صحت داموودھر راج نرسمہا نے کہا کہ آنے والے اوگادی تہوار تک حیدرآباد کے صنعت نگر میں ایک ہزار بستروں والا ٹیمس ہاسپٹل کا افتتاح کیا جائے گا۔ انہوں نے کل شام ہاسپٹل کے تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ اِس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ عمارت کی تعمیر کا کام تقریباً مکمل ہو چکا ہے۔ آپریشن تھیٹر، ڈائیگنوسٹ اور دیگر آلات کے تنصیبات کا کام آخری مرحلہ میں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو بہتر طبی سہولت فراہم کرنا ہی حکومت کا مقصد ہے۔ اِس ہاسپٹل میں تمام اقسام کی طبی جانچ کی جائے گی۔ خاص کر امراض قلب سے متاثر بیماریوں کے علاج کیلئے سنٹر آف اکسلنس کے طور پر صنعت نگر ٹیمس رہے گا۔

Kites

ریاستی وزیر سیاحت جوپلی کرشنا راؤ نے کل شام ریاستی وزیر پونم پربھا کر کے ساتھ سکندرآباد کے پرائیڈ گراؤنڈ میں بین الاقوامی کائٹ فیسٹول اور سوئٹ فیسٹول کا افتتاح کیا۔ اِس موقع پر جوپلی کرشنا راؤ نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں سیاحتی مقامات کی تفریح کے ذریعہ غریب عوام، فنکاروں اور بیروزگاروں کو روزگار کے مواقع دستیاب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کائٹ اور سوئٹ فیسٹول کے ساتھ ہٹ ایر بیلون اور ڈرون فیسٹول بھی منعقد کیا جا رہا ہے۔ گچی باؤلی میں ڈرون فیسٹول کے ضمن میں پہلی بار آسمان پر ہی ڈرون فٹ بال کے مقابلے منعقد کیئے جائیں گے۔

Byte Jupally

جبکہ ریاستی پونم پربھا کر نے کہا کہ خواتین کو مفت بس سفر کی سہولت اور میٹرو کی سہولت دستیاب ہے۔ انہوں نے بڑے پیمانے پر آ کر اِس فیسٹول کا مشاہدہ کرنے عوام پر زور دیا۔

Rev-PM - PONGAL

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ ملک کی تعمیر میں کسانوں کا کردار قابل ستائش ہے۔ کسانوں کی کوشش آتمانربھر بھارت تحریک کو مضبوط بنائے گی۔ وزیر اعظم نے آج نئی دہلی میں مرکزی مملکتی وزیر اطلاعات ونشریات ڈاکٹر ایل مرگن کی رہائش گاہ پر منعقد کیے گئے پونگل تقریبات میں شرکت کی۔ اِس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ مرکزی حکومت کسانوں کو بااختیار بنانے کے لئے پابند عہد ہے۔ اِس کیلئے حکومت مختلف اقدامات کررہی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پونگل تہوار ٹامل کی تہذیب وثقافت کو ظاہر کرتا ہے۔ پونگل اب ایک عالمی سطح کے تہوار میں تبدیل ہوا ہے۔ یہ ملک کے کسانوں کی محنت کا نتیجہ ہے۔

Sound Byte Modi

وزیراعظم نے کہا کہ ٹامل کی تہذیب پورے عوام کیلئے ایک مشترکہ وراثت ہے۔

Komatireddy Venkat Reddy

ریاستی کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا کہ بی آر ایس پالمور رنگا ریڈی پروجیکٹ پر جھوٹی تشہیر کررہی ہے۔ انہوں نے آج ریاستی وزیر واکٹی سری ہری کے ساتھ محبوب نگر ضلع کے بھوت پور میں مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا اوراس موقع پر بات کی۔

Sound Byte  Komatireddy Venkat Reddy

DAVOS

ڈاوس میں اِس مہینہ کی 19 تاریخ سے 23 تاریخ تک منعقد ہونے والے ورلڈ اکنامک کانفرنس 2026ء میں تلنگانہ رائزنگ 2047ء پر ایک خصوصی پروگرام منعقد کیا جارہا ہے۔ مختلف کمپنیوں کے سی ای اوز، قائدین اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔ اس اجلاس میں تلنگانہ رائزنگ پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی، ریاست کے پالیسیوں سے واقف کروائیں گے۔ کیور، پیور اور ریر سے متعلق پالیسیوں کو پیش کرتے ہوئے سرمایہ کاری کے مواقعوں پر تبادلہ خیال کریں گے۔ اِس اجلاس کیلئے درپیش منصوبہ کو قطعیت دینے وزیر اعلیٰ نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی۔

Purchase

ریاستی وزیراتم کمارریڈی نے کل ایک بیان میں کہا کہ موجودہ خریف سیزن میں ریاست بھرمیں تقریباً 71 لاکھ ٹن دھان کی خریداری کی گئی ہے۔انھوں نے کہا کہ سابق کے ریکارڈ کوتوڑتے ہوئے ریاست میں ایک نیاریکارڈ قائم کیا گیاہے۔انھوں نے مزید کہا کہ ملک میں کونسی بھی ریاست کو یہ اعزاز حاصل نہیں ہے۔اِس خریداری کے ذریعہ ریاست کے تقریباً 14 لاکھ کسان فائدہ حاصل کئے ہیں۔

Bandi Sanjay Kumar

مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے نے کہا کہ مرکزی حکومت کی جانب سے متعارف کروایا گیاوی بی جی رام جی ایکٹ ایک بہترین اسکیم ہے۔انھوں نے کریم نگر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ دیہاتوں میں اب ہرایک شخص کو 125 دن کام ملے گا۔انھوں نے کہا کہ گزشتہ سال کی بہ نسبت ملک بھر میں اِس سال 17 ہزارکروڑ روپے اضافی طور پرمرکزی حکومت اس کیلئے خرچ کرے گی۔انھوں نے کہا کہ تلنگانہ ریاست کیلئے بھی تقریباً 340 کروڑروپے مرکز فراہم کرے گی۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیرکشن ریڈی نے کہا کہ ریاست میں گرام پنچایتوں کے استحکام کیلئے مرکزی حکومت ضرورت کے مطابق فنڈ کومختص کی ہے۔انھوں نے کہا کہ ایک دہائی کے دوران ریاست میں مقامی ادارہ جات کیلئے وزیراعظم نریندرمودی کی قیادت میں مرکزی حکومت 11 ہزارکروڑ سے زائد کا فنڈ جاری کرچکی ہے۔دیہی سطح سے جمہوری اداروں کے استحکام کے ذریعہ جوابدہی اور شفافیت میں اضافہ ہوگا۔ انھوں نے قواعد کے مطابق ہرگرام پنچایت میں اِس فنڈ کے استعمال کیلئے ایک علیحدہ بنک اکاؤنٹ کھولنےاور پبلک فینانشیل مینجمنٹ سسٹم (پی ایف ایم ایس) پورٹل میں اس کااندراج کرنے پرزوردیا۔

CEO

ریاستی چیف الیکشن کمشنر سدرشن ریڈی کی قیادت میں الیکشن کمیشن کے عہدیداروں کی ایک ٹیم یوروپ کا دورہ کررہی ہے۔ اِس دورہ کے ضمن میں کل یوروپین پارلیمنٹ ڈائرکٹر جنرل فار کمیونی کیشن کرسٹین مانگولیڈ کے ساتھ الیکشن کے عہدیداروں کی ٹیم نے کل ایک اجلاس منعقد کی۔ اِس موقع پر انتخابات کے موقع پر غلط تشہیر اور سوشل میڈیا کے ذریعہ کی جانے والی غلط تشہیر پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر ٹیم کے عہدیداروں نے ای یو الیکشن کے نظام کی تعمیر اور عوام کے ساتھ کمیونی کیشن کو بنانے کے طریقہ کار اور فیک نیوز کی روک تھام کیلئے وہاں کی حکومت کی جانب سے لئے جانے والے ٹیکنیکل پالیسیوں پر تبادلہ خیال کیا۔

BJP

ریاستی بی جے پی کے صدر این رام چندر راؤ نے کہا کہ میونسپلٹی کے انتخابات میں بی جے پی تنہاء مقابلہ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اپنے اس امید کا اظہار کیا کہ بی جے پی نمبر ون کے طور پر کھڑے ہوتے ہوئے اپنی طاقت کا مظاہرہ کرے گی۔ انہوں نے کل بی جے پی کے ریاستی دفتر میں میڈیا سے بات کی۔ اِس موقع پر انہوں نے کہا کہ اتحاد سے متعلق کوئی بھی سیاسی جماعت نے ان سے رابطہ نہیں کیا ہے۔ انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے والے امیدواروں کو ہی ٹکٹ دیا جائے گا اور پارٹی کیلئے کام کرنے والے کارکنوں کو ترجیح دی جائے گی۔

Holiday

حیدرآباد کے مہاتما جوتی با پھولے پرجا بھون میں منعقد ہونے والے ریاستی سطح کے پرجاوانی پروگرام کو جمعہ کو تعطیل رہے گی۔ یہ بات پرجاوانی کے نوڈل آفیسر دیویا دیوا راجن نے بتائی۔ کنوما تہوار کے ضمن میں 16 جنوری کو تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے جبکہ 20 تاریخ کو پرجاوانی کا پروگرام دوبارہ شروع ہوگا۔